# ثانوی و اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ ڈیرہ غازی خان

نمبر 342 / کنٹرولر امتحانات — مورخہ 20 اکتوبر 2025ء

## پریس ریلیز

### سوالیہ پرچہ جات (انشائیہ / معروضی) کی سوشل میڈیا پر تشہیر و شیئرنگ

1۔ انٹرمیڈیٹ دوسرا سالانہ امتحان 2025ء مورخہ 29 اکتوبر 2025ء سے شروع ہو رہے ہیں۔

2۔ دوران امتحان / بعد از امتحان سوالیہ پرچہ جات کی سوشل میڈیا پر تشہیر کی صورت میں پنجاب یونیورسٹی اینڈ بورڈز آف انٹرمیڈیٹ سیکنڈری ایجوکیشن مال پریکٹس ایکٹ 1950 کی دفعات 3.a(iv) اور 3.a(xii) کے تحت درج ذیل سزا ہو سکتی ہے۔ ملاحظہ ہو ایکٹ کا متن۔

Whoever is guilty of;

"Pre-mature disclosure of a question or question paper knowing that such question or question paper is to be put or set at any examination written or oral, shall be punished with imprisonment for a term which may extend to 3 years and with fine which may extent to Rupees 50,000/-"

مزید یہ کہ دوران امتحان کوئی فرد کسی آلے کی مدد سے سوالیہ پرچے کی تصویر نہ لے، کسی قسم کی ریکارڈنگ نہ کرے اور امتحانی عمل میں کسی قسم کی رکاوٹ نہ ڈالے کیونکہ ایسا کرنا قانوناً جرم ہے۔ ایسی صورت حال میں بھی مذکورہ ایکٹ کی دفعات 3.a(iv) اور 3.a(xii) کے تحت تین سال قید اور 50000 روپے جرمانے کی سزا ہو سکتی ہے۔

مندرجہ بالا قوانین کی روشنی میں جملہ متعلقین کو تنبیہ کی جاتی ہے کہ ثانوی و اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ ڈیرہ غازیخان کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے امتحانات میں کسی قسم کے غیر قانونی ذرائع کے استعمال میں ملوث نہ ہو بصورت دیگر حسب ضابطہ تادیبی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

کنٹرولر امتحانات

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ڈیرہ غازیخان

تطہیر نمبر: 343 / کنٹرولر امتحانات — مورخہ 20 اکتوبر 2025ء

کاپی برائے اطلاع:-

1۔ پی ایس برائے کمشنر ڈیرہ غازیخان ڈویژن / چیئرمین بورڈ
2۔ پی اے برائے سیکرٹری۔
3۔ ڈائریکٹر آف ایجوکیشن کالجز (ڈیرہ غازیخان ڈویژن ڈیرہ غازیخان)۔
4۔ ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز (ڈیرہ غازیخان، لیہ، مظفر گڑھ، راجن پور)۔
5۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی، ضلع ڈیرہ غازیخان، لیہ، مظفر گڑھ اور راجن پور۔
6۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (سیکنڈری)، ضلع ڈیرہ غازیخان، لیہ، مظفر گڑھ اور راجن پور۔
7۔ سسٹم اینالسٹ (سرکلر بورڈ کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کریں)۔
8۔ اسسٹنٹ سیکرٹری (انکوائری / اکیڈمک) برائے تشہیر الیکٹرانک و پرنٹ میڈیا
9۔ جملہ آفیسر / سپرنٹنڈنٹ بورڈ ہذا

اس استدعا کے ساتھ کہ جملہ سربراہان ادارہ جات اساتذہ کرام کے ذریعہ لیٹر ہذا پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کا اہتمام فرمائیں۔